سوال

(99) نماز عید سے قبل کسی قسم کا نماز پڑھنا، ..الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عیدگاہ میں نماز عید سے قبل کسی قسم کا نماز پڑھنا، یا وعظ و نصیحت کرنا یا تبلیغی خدمات کے لیے عیدگاہ میں کوئی اجتماعی کاروائی کرنا، چندہ جمع کرنا شرعاً درست ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عیدگاہ میں نماز عید سے قبل یا بعد کوئی نماز نہیں ہے، وعظ و نصیحت یا تبلیغی مہم کے سلسلے میں کوئی مذاکرہ کرنا یا کار خیر کے لیے چندہ جمع کرنا جائز ہے، لیکن مقصد اولین دوگانہ نماز اور اس کے بعد خطبہ کی اہمیت میں کوئی فرق نہیں آنا چاہیے۔

حضرت مولانا عبدالوہاب آروی

(ترجمان دہلی جلد ۷، ش ۱۷)

[فتاویٰ علمائے حدیث]()

جلد04ص181

محدث فتویٰ